First of all we need to realize the importance of technology in 21st century.

اس کی وجہ سے ہماری society میں ایک بڑا change آیا ہے کہ technology کی وجہ سے وہ تمام artificial security barriers جو ہم نے impose کیے ہیں جن میں social, cultural barriers شامل ہیں، ان میں loop holes create کیے ہیں۔ پرانے زمانے میں یہ ہوتا تھا کہ خواتین کو گھروں سے باہر نہیں آنے دیا جاتا تھا، بچوں پر پابندی لگا لیتے تھے مگر یہ internet or technology virus کی طرح پھیل گئی ہے

تو اس کے آنے کے ساتھ ہمیں اپنے social system میں اپنے آپ کو overall adapt کرنے کی ضرورت ہے۔ اس میں ایک ضروری چیز یہ ہے کہ پرانے زمانے کی طرح اپنے بھائی، بچوں کو کسی چیز سے by force منع نہیں کر سکتے۔ اب ہماری پرورش میں ایک اہم element education and orientation ہونا چاہیے۔ Youtube کے حوالے سے میں اس resolution اس حوالے سے support کروں گا کہ اس پر پابندی لگانے سے یا دو، تین دیگر websites کو بند کرنے سے mentality change نہیں ہو گی، وہ تو وہی رہے گی اور دوسری بات یہ ہے کہ technology نے itself alternates پیش کیے ہیں اور جس طرح سے کاشف صاحب نے بتایا ہے کہ پاکستان کی آدھی سے زیادہ آبادی بدقسمتی سے وہ Youtube پھر بھی دیکھ رہی ہے۔ اس قسم کی proxies ہیں کہ آپ ہر website دیکھ سکتے ہیں۔ ہم نے بس دل کو تسلی دی ہے کہ ہم نے ان پر پابندی لگائی ہے۔ میں یہ کہوں گا کہ آپ اپنی youth کی education پر emphasis کریں تا کہ اگر Youtube پر پابندی نہ بھی ہو آپ کی youth اتنی educated ہو کہ وہ ایسے videos کو دیکھنے سے خود refrain کرے۔

ہم سب agree کریں گے کہ state کے decision making process کی ایک rationale ہوتی ہے ، اس میں pros and cons and calculated analysis کیا جاتا ہے کہ ہمارے pursued advantages and disadvantages کیا ہیں۔ State does not act on rationale impulses. اس میں rational impulses نہیں ہوتے جس طرح individuals میں ہوتے ہیں۔ اس میں emotions and biases نہیں ہوتے۔ میرے خیال میں government of Pakistan کی طرف سے under pressure of the religious forces in the country Youtube ban کرنے کی move ایک impulsive response تھا۔ جیسا کہ کاشف صاحب نے بتایا ہے کہ state کا کیا کام ہے کہ ہم نے on diplomatic level and through concerned proper channels protest record کروایا ہے۔ اس کے بعد ہمیں just to appease some religious quarters in the country Youtube ban کرنے کے سلسلے میں جذبات میں نہیں آنا چاہیے۔ اس کا کوئی فائدہ نہیں ہو گا۔ ہم مسلمان ہیں اور ہمیں اپنے نبی سے اور اپنے religion سے پیار ہے اور اسی طرح ہم تمام پیغمبروں سے پیار ہے اور ہم ان کی respect کرتے ہیں۔ اس لیے ہم expect کرتے ہیں کہ وہ respect کریں لیکن میں ایک بات کہوں گا کہ at times we tend to be over sensitive about things. By over sensitive what I mean is کہ بعض اوقات کوئی low class person just for popularity کوئی گھٹیا قسم کی video or sentence کہہ دیتا ہے اور اس کا مقصد ہی یہ ہوتا ہے کہ میں ذرا مسلمان دنیا میں آگ لگاؤں اور اس video کی بنیاد پر ہم پوری مسلم دنیا میں جا کر احتجاج کرتے ہیں۔ ہمیں احتجاج کے طریقے بھی نہیں آتے، ہم اپنے شہروں میں توڑ پھوڑ کر رہے ہوتے ہیں، مجھے تو اس بات پر حیرت ہے۔ وہ video امریکہ، یورپ میں کسی ایک فرد کی گھٹیا mentality کی product ہے اور وہ یہی چاہ رہا ہے کہ پوری مسلم دنیا میں اس کا نام لیا جائے، اس کا مقصد ہی یہ ہے اور ہم اس کا purpose achieve کرنے میں اس کو help out کرتے ہیں اور ساتھ ہی ہم توڑ پھوڑ سے اپنے بھائی بہنوں کا نقصان کرتے ہیں، state property کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ اس لیے ہمیں اپنے calculated responses کرنے چاہییں ہاں اگر حکومت کی سطح پر ایسی کوئی حرکت ہو تو ہمیں اس طرح کا response دینا چاہیے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترم عبدالصمد صاحب۔

جناب عبدالصمد: شکریہ میڈم سپیکر۔ جس طرح آپ نے ارسلان صاحب سے سوال پوچھا تھا تو میڈم سپیکر!اگر ہم نبی کی زندگی مطالعہ کریں تو اس وقت بھی ایسے کافی مواقع آئے کہ ان پر کوڑا کرکٹ پھنکا گیا، انہیں گالیاں دی گئی اور ان کے منہ پر تھوکا گیا۔ نبی کی ایک حدیث کا مفہوم ہے کہ جو بندہ محروم کرے، اس کو عطا کرو، جو گالی دے، اسے دعا دو، جو ظلم کرے، اس کے ساتھ نیکی کرو۔ یہ اخلاق تم اپنا لو، جنت الفردوس میں گھر کی چابی مجھ سے لے لو۔ یہاں ہم نے Youtube ban کر کے ایک protest record کرایا ہے۔ ہمیں یہ پالیسی اپنانی چاہیے تھے کہ Youtube is a open media وہاں پر کوئی بھی بندہ اپنا کوئی بھی message record کرا سکتا ہے اور کچھ بھی share

کر سکتا۔ Innocence of Muslims میں اس طرح کا content تھا جو obviously was stupid content and obviously it did hurt the feelings of the Muslim community in the world لیکن ہمیں کیا کرنا چاہیے تھا؟ نبی ﷺ نے کہا جو محروم کرے، اسے عطا کرو، جو گالی دے، اسے دعا دو، ہمیں Youtube پر اسلام کو اس طرح portray کرنا چاہیے تھا۔ ہمیں اس طرح کے steps لینے چاہییں تھے کہ اسلام بہتر طور پر portray ہو اور دنیا کو ایک message ملے نہ کہ جو ہم نے یہاں پر دیا کہ nationwide protest کیا اور اپنے ملک کا نقصان کیا۔ جب ہم نے چھٹی منائی اور یوم عشق رسول ﷺ پر ہوائی فائرنگ سے میرا ایک دوست فوت ہو گیا تھا۔ اگر اس طرح کے واقعات ہوتے ہیں اور ہم چھٹی کے دن احتجاج کرتے ہیں، پشاور میں دو سینماؤں کو جلایا گیا یعنی ہم اپنے ملک کو نقصان پہنچا رہے ہیں تو دنیا کو کیا پیغام دے رہے ہیں؟ اسلام ہمیں یہ تو نہیں سکھاتا۔ نبی علیہ صلوۃ والسلام کی زندگی میں اس طرح کی بہت سی مثالیں ملتی ہیں کہ ایک یہودی کہتا ہے کہ میں تم کو نبی نہیں مانتا ، تم میری نظر میں سب سے گندے انسان ہو۔ ہمیں اپنی Islamic teaching follow کرنی چاہییں اور تھوڑا سا rationale ہونا چاہیے، جس طرح رفیع اللہ صاحب نے بھی بات کی۔ یہ state decision ہے، ہم state کی representation کریں اور اگر ہم نے اپنا protest record کرنا تھا تو وہ ہم کر چکے ہیں، ہم اس کے خلاف بات کر چکے ہیں۔ اب ہمیں move on کرنا چاہیے۔ Youtube already چل رہا ہے اور ا س پر ہم search Pakistan, Islamabad or Lahore کریں تو جو لسٹ آتی ہے اس سے اسلام آباد اور لاہور کے بارے میں دیکھ سکتے ہیں۔ ہمیں چاہیے کہ ہم اس کو بہتر بنا دیں کہ اگر پاکستان کو کسی چیز سے insurgency or terrorists سے link کیا جائے اگر آپ ان چیزوں کے بارے میں Youtube پر اسلام آباد یا پاکستان کی کسی بھی شہر کا نام search کریں تو terrorism, bomb blast اور غیر اخلاقی قسم کی چیزیں وہاں آ جاتی ہیں۔ To avoid that kind of situation, you should give a positive message of Islam over there. The protest has already been recorded now we need to move on and we need to share the content that shows the bright message of Islam. Thank you very much.

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترم یاسر عباس صاحب۔

جناب یاسر عباس: شکریہ میڈم سپیکر۔ میں اس resolution سےبھرپور اتفاق کرتا ہوں and I completely endorse what Mr. Arslan and Mr. Kashif Ali has stated. ہم پاکستانی لوگ جو اچھے مسلمان ہونے کے دعوے دار ہیں اور یہ سمجھتے ہیں کہ صرف اسلام اور دین کی سرپرستی شاید ہماری ہی responsibility ہے اور وہ اس sense میں ہے کہ ہم نقصان پہنچا کر دین کی خدمت کر رہے ہیں۔ What I want to say is that people of Pakistan should know that social world and social media has no norms and no limits. Whatever a person can post on social media, there is no limit اور کوئی بندہ اپنی مرضی سے کچھ بھی وہاں پر post کر سکتا ہے۔ ہماری جو جذباتی سوسائٹی ہے، جو عشق رسول ﷺ میں جب ایک blasphemy attempt ہوا تھا، اس پر احتجاج میں ہم ATM machines کو اکھاڑ تے ہیں، بنک اور بیکریاں لوٹتے ہوئے کرتے ہیں تو میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ کس قسم کا عشق رسول ہے۔ میں نہیں سمجھتا کہ رسول ﷺ اس سے خوش ہوئے ہوں گے، ان کو اس قسم کے احتجاج کی ضرورت نہیں تھی۔

دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ ہم فرد واحد کے عمل کی وجہ سے پورے western world کو کہہ رہے ہیں کہ شاید یہ سب ہی اسلام کے خلاف ہیں۔ وہ ایک بندے کا عمل تھا کیونکہ he wanted to gain attention and which surprisingly did and we made him in international media. شروع کے ایک ہفتے میں دنیا میں اس video کے تیس سے چالیس views تھے لیکن within a week وہ thousands میں چلی گئی ہے، یہ کیا show کرتا ہے کہ اس کے popularity graph کو آگے لے جانے والے کون تھے، ہم مسلمان ہی تھے۔ ہم اس کو counter کرنے کی بات کروں کہ توڑ پھوڑ کرنے کی بجائے کیا Muslim film makers اس سلسلے میں ایک counter film نہیں بنا سکتے تھے جس میں رسول ﷺ کے بارے میں

لوگوں کو بتایا جا سکے؟ کیا وہ ایک ایسی documentary نہیں بنا سکتے تھے جس سے رسول کی sanity and divine حیثیت کو portray کیا جا سکتا؟ ہماری ایک سیاسی پارٹی پیپلز پارٹی جو جمہوریت کی دعویدار بن کر منظر عام پر ہیں اور کیا یہ freedom of expression پر حملہ نہیں تھا کہ اس نے اس کو بند کر دیا اور ایسے students تھے جو اپنے lectures کے سلسلے میں Youtube پر rely کرتے تھے۔ کچھ ایسےلوگ بھی تھے جو اپنی documentaries academic کے لیے اور میں ایسے بہت سے Pakistani studentsکو جانتا ہوں کہ جن کا کاروبار اس سے چلتا ہے، who through short filing, Youtube channels کے short films, music ان کے اپنے advertisement and through all contribute. تھے جو ان کی earning کا ذریعہ تھا۔ ہماری سوسائٹی میں جو radical elements ہیں ان کو یہ پتا نہیں ہے کہ Youtube ہے کیا اور دوسرا یہ کہ جب وہ سامنے آتے ہیں، میں اپنا تجربہ بتاتا ہوں کہ جب ڈنمارک میں حضور کی شان میں گستاخی کی گئ، ان کے کارٹون بنائے گئے تو میں ڈی چوک میں کچھ لوگوں کے پاس کھڑا تھا اور میں نے مدرسے کے ایک طالبعم سے پوچھا کہ what is facebook, do you know that? اس نے کہا کہ نہیں۔ میں نے پوچھا پھر آپ یہاں پر کس وجہ سے آئے ہو؟ اس نے کہا کہ پتا نہیں۔ میں پوچھا پھر آپ کیوں آئے ہو؟ اس نے بتایا کہ مولوی صاحب نے کہا ہے کہ جو protest میں نہیں آئے گا he will be penalized یعنی اس کو اس طرح سے اس جگہ پر مجبوراً لایا گیا تھا یعنی اس کو یہ پتا نہیں تھا facebook کیا ہے اور یہ بھی پتا نہیں تھا کہ باہر کیا ہوا ہے جس کی وجہ سے میں ڈی چوک میں ہاتھ میں ڈنڈا لے کر کھڑا ہو کر احتجاج کر رہا ہوں۔ یہ ہمارے مسلمان ہونے کی نوعیت ہے۔ اس وقت ضروری ہے کہ لوگوں کو بتائیں کہ رسول کی legacy برداشت اور انسانیت پر مبنی تھی نہ کہ توڑ پھوڑ پر۔ رسول کی جو divine حیثیت ہے، اس کو جس طرح west میں کیا گیا، وہاں پر مسلمانوں نے قرآن تقسیم کیے۔ کیا ہم یہ نہیں کر سکتے تھے۔ لندن اور امریکہ میں لوگ ذاتی طور پر trains and buses میں اس video کو discuss کرتے تھے اور at the same time کہتے تھے کہ کس بری طرح سے مسلمانوں کو portray کیا گیا ہے اور even non Muslims اس کو accept کر رہے تھے۔

جس طرح ہم یہ کہہ رہے ہیں کہ فرد واحد کی وجہ سے عالم اسلام terrorist نہیں ہو سکتا اسی طرح سے پورا west ایک فرد کے اقدام کی وجہ سے اسلام دشمن نہیں ہو سکتا۔ ہمیں اس چیز کو سمجھنا ہو گا۔ شکریہ۔

Madam Deputy Speaker: Mr. Omer Awais would like to propose an amendment.

Mr. Omar Awais: I would like to move the following amendment to this resolution. ”The House is of the opinion that government should lift the ban form Youtube as it is a clear violation of Article 19 (a) of the Constitution of Pakistan which guarantees the right of information to every citizen but rules and regulations to delete video/content must be implemented and enforced“.

Madam, this is the solution.

میڈم سپیکر! میں اس resolution کو with this amendment completely endorse کرتا ہوں - اس کی وجہ یہ ہے کہ ---

میڈم ڈپٹی سپیکر: آپ just amendment پڑھیں۔

Mr. Omar Awais: Ok. “but rules and regulations to delete video/content must be implemented”.

میڈم سپیکر! یہاں پر diplomatic channels کی بات کی گئی کہ ہم ان کو اپنا سکتے ہیں۔ یہاں پر اس video کے ردعمل میں جو رویہ اختیار کیا گیا اور جو پہلے بات بھی ہوئی کہ کچھ drawings بھی آئی تھیں ----

میڈم ڈپٹی سپیکر: آپ نے amendment پڑھ دی ہے۔

جناب عمر اویس: میڈم! اس میں point of personal explanation ہے۔

Madam Deputy Speaker: Thank you. Now I put this amendment to the House.

(The amendment is rejected)

Madam Deputy Speaker: Mr. Hasham Malik.

جناب ہشام ملک: شکریہ میڈم سپیکر۔ یہ جس طرح کی resolution ہے، ہم سب اس کو support کرتے ہیں کہ ہر کسی کو right of information ہے لیکن میں اس time span کی بات کرنا چاہوں گا کہ افسوس کی بات ہے کہ ہم اس نبی ﷺ کی امت ہونے کے دعویدار ہیں جس نے ہمیں اچھائی کا سبق سکھایا اور ہم نے جا کر چوکیاں جلائیں اور املاک کو نقصان پہنچایا۔ میں ایک مثال دوں گا کہ پشاور کے ایک صاحب بھاگتے ہوئے آتے ہیں اور بند شٹر والی دکان پر flying kick مارتے ہیں اور وہاں سے چلے جاتے ہیں، مجھے سمجھ نہیں آتی کہ یہ کس قسم کا عشق رسول ﷺ کا دن منایا جا رہا تھا۔ صدر پاکستان کی move کو appreciate کرنا چاہیے کہ انہوں نے UN General Assembly جاتے ساتھ سب سے پہلی بات اس پر کی۔ جب protest lodge from the higher authority ہو گیا تھا تو I would not support the move of the government لیکن وہ شاید popular sentiments calm down کرنے کی move تھی Youtube کی اور اس وقت ہم جیسے لوگ بھی بولنے کا قابل نہیں تھے کیونکہ society as a whole situation hijack کر کے بیٹھی ہوئی تھی۔ اب وہ وقت گزر گیا ہے اور لوگ اس بات کو بھول چکے ہیں۔ جن کا عشق تھا شاید ان کی عاشقی کم ہو چکی ہے، وہ اب اس کو یاد نہیں کرتے حالانکہ contents and material وہی ہے، وہ صرف تین دن کا غصہ تھا۔ چوکیاں اور property جلانی تھی اور کچھ نہیں۔ میں ارسلان صاحب کی بات کو on a lighter note quote کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ برائی کو ہاتھ سے روکو اس لیے مسلمانوں نے نیا طریقہ اپنایا ہے اور برائی کو ہاتھ کی بجائے خودکش جیکٹ سے روکنے کی کوشش کرتے ہیں اس لیے اس طرح کی تلقین نہ کی جائے۔ یہ resolution pass ہونی چاہیے and from the Treasury Benches, I think we all support it. Thank you.

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترمہ شاہانہ افسر صاحبہ۔

مس شاہانہ افسر: شکریہ میڈم سپیکر۔ میں اس resolution کو support کرتی ہوں لیکن میں یہ بتانا چاہتی ہوں کہ یہ میرے اور سب پاکستانیوں کے لیے بہت embarrassing بات ہو گی and sorry to say لیکن پاکستان دنیا کے ان ممالک میں شامل ہے جن میں pornographic websites کا استعمال سب سے زیادہ ہے۔ہماری حکومت نے ان کو روکنے کے لیے کبھی کوئی step نہیں لیا۔ ہمیں پتا ہے کہ daily wages پر child labour کا شکار بچے سارے دن میں بیس سے پچیس روپے کمائی کر کے آتے ہیں اور وہ Net Café میں جا کر دس روپے میں ان websites کو access کرتے ہیں۔ ہماری حکومت نے یہ نہیں سوچا کہ ان کو یہ کرنے دینے سے مستقبل میں اپنی سوسائٹی کو کتنا threat پہنچا رہے ہیں۔ جب وہ بچے بڑے ہوں گے تو ان کی سوچ سے ہماری سوسائٹی کو کس قسم کا threat ہو گا۔

یوم عشق رسول ﷺ کی بات ہوئی تو میں ان سب لوگوں کو support کروں گی انہوں نے ان کے بارے میں جو بھی comments دیے۔ یوم عشق رسول ﷺ کو ہم بہت بڑی success بنا سکتے تھے but it was a complete failure on the part of the public, media and government. میڈیا لوگوں کو اس بارے میں aware کر سکتا تھا، جیسا کہ یاسر عباس نے کہا کہ لوگوں پتا نہیں ہوتا کہ یہاں کس چیز کے بارے میں protest کر رہے ہیں اور ہشام ملک صاحب نے بتایا کہ لوگ صرف دکانیں توڑنے اور چوکیاں جلانے کے لیے آتے ہیں۔ میڈیا نے اس کے بعدcampaign چلائی حالانکہ ان کو چار دن پہلے پتا تھا چھٹی آ رہی ہے اور لوگ احتجاج کریں گے۔ اس لیے میڈیا پہلے بھی awareness دے سکتا تھا لیکن میڈیا کا failure تھا کہ اس نے یہ نہیں کیا۔ ہم نے پچھلے کچھ عرصے سے media education کو بہت promote کیا ہے اور بہت سی universities نے media departments کھولے ہیں۔ Media students کو کہا جاتا ہے کہ آپ اچھی documentaries and videos بنائیں، ہم لوگوں کو TV reports لا کر ان کو

analyze کرنے کو کہا جاتا ہے۔ میں خود یہ کام کرتی ہوں، میں documentaries بھی بناتی ہوں اور talk shows analyze بھی کرتی ہوں تو جب آپ ایسے forum کو بند کریں گے تو ہماری academic life پر اس کا کیا effect ہو گا، یہ حکومت نے نہیں سوچا۔ ہمیں جب projects بنانے پڑتے ہیں تو بہت سی documentaries consult کرنی پڑتی ہیں لیکن جب ہم Youtube کو access کرنے کی کوشش کرتے ہیں، اکثر وہ proxies سے ہو جاتا ہے لیکن پھر بھی ہم اپنے projects complete نہیں کر پاتے جس طرح ہمیں کرنے ہوتے ہیں۔ میں اس کو بھی support کرتی ہوں کہ ہمارے پاس اتنے اچھے film makers ہیں، اس لیے بجائے اس کے کہ ہم Youtube کو بند کرتے، اسی forum پر اسلام کے بارے میں اچھی video بنا کر load کر سکتے تھے اور مجھے یقین ہے کہ ہم Innocence of Muslim کو counter کر سکتے تھے۔ آخری بات یہ کہ جب انڈیا کا ایک ایکٹر کسی لیکچر کے لیے امریکہ جاتا ہے اور وہاں ائرپورٹ پر اس سے misbehave کیا جاتا ہے تو انڈیا امریکہ کو آنکھیں دکھائیں تو وہاں کے لوگوں نے شاہ رخ خان کو apologize کیا۔ ہمارے نبی بہت بڑی personality ہیں، ہم چاہتے تو we could made them apologize them for the act لیکن ہم نے غلط طریقہ اختیار کیا۔ پچھلے چار پانچ سال میں باہر کے brands کی جتنی imports بڑھی ہیں، وہ ہمیں پتا ہے۔ باہر سے bags, cosmetics import ہوتی ہیں۔ جن لوگوں نے video بنائی ہم نے ان کی چیزوں کو بند نہیں کیا لیکن ایک forum بند کر دیا جو ہمارے لیے بھی اچھا تھا۔ اس لیے بجائے healthy protest کرتے، ہم نے اپنے لیے ہی مشکلات بڑھائی ہیں۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترمہ بشری راؤ صاحبہ۔

مس بشری اقبال راؤ:شکریہ میڈم سپیکر۔ Most of the things have been covered لیکن دو، تین چیزیں add کرنا چاہتی ہوں۔ ایک تو ہم نے protest کا جو طریقہ استعمال کیا everybody rely 14 minutes of such a cheep movie was enough to bring Pakistan to in an auto destruction mode. اس چیز پر دنیا بھر میں Twitter, Facebook and social media پر discuss کی جا رہی تھی which was a very negative image. اس کا طریقہ counter movie تھا اور یا پھر اس چیز کو importance دینے کی بجائے ignore کیا جاتا۔ اگر ایسی کوئی ضرورت تھی تو اس سے اچھی ایک movie بنائی جاتی، قطر نے ایک initiative لیا تھا لیکن پھر اس کو pursue نہیں کیا گیا۔ میرے خیال میں سب سے اچھا طریقہ یہ تھا کہ اس high time پر 58 Muslim countries untidily through OIC یا جو بھی forum تھا، وہاں اپنا protest record کروانا چاہیے تھا۔ یہ ان تمام ممالک کے لیے ایک common issue تھا اور اگر اس موقع پر بھی Muslim countries unite نہیں ہو سکے تو یہ بڑی شرم کی بات ہے۔لیبیا میں امریکہ کے سفیر Christopher Stevens کا جو murder ہوا تھا اور اس کے بعد ہیلری کلنٹن، اوباما اور پاکستان میں امریکہ سفارتخانے نے اس طرح کے notes دیے تھے کہ this is not something on part of the government of US لیکن امریکی حکومت نے یہ ضرور کہا تھا کہ ہمارا constitution freedom of speech allow کرتا ہے لیکن they should make a distinction between freedom of speech and hate speech. اس سلسلے میں حکومت نے Youtube بند کرنے کا جو initiative لیا تھا، میرے خیال میں وہ ٹھیک تھا لیکن اس کے بعد میں حکومت کی غلطی نہیں سمجھتی کیونکہ religious faction کی طرف سے بہت دباؤ تھا کہ اگر وہ Youtube کو کھول دیتے اور ہم نے اخباروں میں پڑھا تھا کہ Youtube will be opened by tomorrow پھر وہ نہیں ہوا۔ اس پر protest دوبارہ ہونے کا chance تھا اس لیے وہ نہیں کیا گیا۔ ہم جیسے لوگوں کو پہلے دن سے ہی پتا تھا کہ اس کے بند ہونے کا کوئی تک نہیں ہے اور جن کو نہیں پتا، ان کو نہیں پتا اور اگر وہ اب بھی کھلے گا تو وہ دوبارہ احتجاج کریں گے۔ سب کو ہی Youtube کی ضرورت پڑتی ہے I had an interview اس لیے آپ کو باہر کے بہت سے لوگوں کا انٹرویو پڑھ کو analysis کرنا ہوتا ہے تو I was not been able to do that and obviously جیسے سب نے proxy server use کیے، مجھے بھی کرنے پڑے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترم احمد سلمان صاحب۔

جناب احمد سلمان ظفر: شکریہ میڈم سپیکر۔ بہت سی باتیں ہو چکی ہیں، میں ان کو repeat نہیں کرنا چاہوں گا۔ صرف دو باتیں کروں گا۔ عمر اویس صاحب نے جو amendment propose کی تھی شاید بہت سے لوگوں نے اس کو misunderstood کیا۔ وہ شاید یہ کہنا چاہ رہے تھے کہ ہماری حکومت کو Google Authorities سے بات کرنی چاہیے کہ اس قسم کا کوئی screening mechanism devise کیا جائے تا کہ اس قسم کی blasphemy movies یا کسی religious community کے sentiments کو hurt کرنے والی movies کو Youtube پر upload کرنے سےپہلے properly screening mechanism سے گزار جا سکے۔ ہم نے پہلے بھی دیکھا، یہ پہلا instance نہیں ہے کہ اس قسم کی Youtube video پر upload ہوئی، اس سے پہلے دو، تین مرتبہ Youtube blasphemous movies پر upload ہو چکی ہیں۔

Madam Deputy Speaker: Do you think states would be willing to compromise on the freedom of expression of their citizens? If you tell the state

کہ اس طرح کا کچھmechanism ہونا چاہیے۔ Do you think Youtube itself could be able to compromise on its freedom of expression?

Mr. Ahmed Salman Zafar: Definitely they would be

بات یہ ہے کہ ہماری حکومت کو ان کو dialogue میں engage کرنا چاہیے کیونکہ میں آپ کو تھوڑا سا historical background دے رہا ہوں۔ یہ پہلا instance نہیں ہے، پہلے carry catchers بنے اور اس طرح کی videos بھی بنتی رہی ہیں۔ اس لیے ہماری حکومت کو چاہیے، ابھی پیپلز پارٹی کی حکومت نے اپنا tenure complete کیا ہے، in their last days انہوں نے Google authorities سے dialogue start کیا تھا لیکن اب ان کو tenure complete ہو گیا ہے اور election campaign start ہو گئی ہے، اس لئے بات آگے نہیں چل سکی۔ آپ نے protest record کرا دیا۔ جو لوگ بھی اس قسم کی cheep video بناتے ہیں ان کے اس قسم کے اقدامات کو روکنے کے لیے ایک screening mechanism devise کر دیا جائے تا کہ کوئی بھی blasphemous content upload ہونے سے پہلے screening mechanism سے گزارا جا سکے۔ میں یہ کہنا چاہوں گا کہ اگر آپ پاکستان کی sociological composition دیکھیں تو مسلمان اکثریت میں ہیں اور جو religious parties ہیں، ان کا بھی masses میں بہت زیادہ ingress ہے۔ کوئی بھی پارٹی ان کے خلاف زیادہ نہیں جا سکتی لیکن میرا موقف یہ ہے کہ politics should not be done at the cost of violation of rules granted by the Constitution. انہوں نے اپنی resolution میں Article 19(A) کا حوالہ دیا ہے، وہ بالکل pertinent point ہے۔

حکومت نے اپنا احتجاج record کروا دیا لیکن in the long run جو basic fundamental right ہے جس کو Constitution grant کر رہا ہے، اس کی violation ہو رہی ہے۔ اس سلسلے میں جو concerned authorities ہیں particularly those who are at the helm of affairs ان کو چاہیے کہ protest record کروانے کے بعد وہ symbolic تھا وہ ہو گیا اب جو بھی حکومت ہے، اس کو as soon as possible اس کو کھول دینا چاہیے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ جناب عمر اویس صاحب۔ اپنے comments brief رکھیے گا۔

جناب عمر اویس: شکریہ میڈم سپیکر۔ میڈم! یہ ٹھیک ہے کہ amendments کو بڑے بے دردی سے رد کر دیا گیا ہے لیکن بات کی جا رہی ہے diplomatic channels, government to government involvement and users to the facility provider کے بیچ میں جو interaction ہے۔ اگر Facebook پر کوئی comment کیا جاتا ہے اور اس کو report کیا جاتا ہے تو comment کرنے والے کو warning چلی جاتی ہے یعنی process exists. جو draw Muhammad day کو جو event بنایا گیا تھا، یہ process exist کرتا ہے کہ اگر ایک کروڑ لوگ اس کے خلاف report کرتے ہیں تو وہ even delete کر دینا چاہیے لیکن ایسا نہیں ہوا اور وہ even Facebook پر چلتا رہا اور اس کے بعد وہ website launch کی گئی جس پر چیزوں کو upload کیا جا سکتا تھا اور بعد میں وہ website hack کی گئی۔کہنے کا مقصد یہ ہے کہ

جو Facebook rules and regulations اور اس طرح کی باقی sites نے اپنے business modules میں لکھے ہوئے ہیں ان کو implement کرنا چاہیے۔ I don't know انہوں نے یہ چیز کیوں delete نہیں کی کیونکہ اگر ایک کروڑ لوگوں نے کہا کہ یہ event delete ہونا چاہیے تو کیوں نہیں ہوا۔ مثال کے طور اگر ہم اس video پر as a user on online forum electronically protest کرتے اور وہاں پر جو rules and regulations exist کرتے ہیں، اس کے مطابق وہ چیز delete کر دی جاتی تو یہ زیادہ بہتر تھا اس سے کہ سڑکوں پر شور مچایا جا رہا تھا۔ پاکستانیوں کے لیے ایک کروڑ لوگ کوئی مسئلہ نہیں ہے لیکن شاید ایک کروڑ مسلمانوں سے زیادہ نے اس کو دیکھا ہو تو اس کو report کرنا کوئی issue نہیں تھا۔

Mr. Kashif Ali: Point of Order.

Madam Deputy Speaker: Kashif Ali sahib.

Mr. Kashif Ali: Madam, it is very pertinent to bring this information to the House جیسا کہ انہوں نے کہا کہ حکومت کو چاہیے تھا کہ اس video کو within Pakistan filter کر دیں، یہاں پر IT کے لوگ موجود ہیں، ان کو پتا ہونا چاہیے کہ اس protest سے پہلے there were discussions within government جس کا ثبوت اخبارات ہیں اور وہ یہی تھا کہ حکومت کیا کرے کہ Youtube Pakistan میں یہ video delete کر دے۔ ہوتا کیا ہے کہ liberal economy institutions یہ دیکھتے ہیں کہ clout کتنا ہے۔ پاکستان کی حکومت نےYoutube کے ساتھ بہت negotiate and bargain کیا تھا کہ اس کو یہاں پر delete کر دیں مگر وجہ یہ تھی کہ یہاں پر clout نہیں تھا۔ انڈیا میں Youtube نے یہ video ban کر دی تھی۔ انڈیا اور ملائشیا اور کافی مسلم ممالک میں Youtube نے یہ video delete کر دی تھی Youtube block نہیں ہوئی تھی۔ کافی مسلمان ممالک میں Youtube agreed upon because ان کے کچھ ایسے agreements ہیں اور وہ depends upon that how much clout you have. پاکستان نے یہ کیا تھا لیکن بدقسمتی سے آپ کا economic clout ہے ہی نہیں تو کیا کیا جائے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترم یاسر عباس صاحب۔

جناب یاسر عباس: میڈم سپیکر! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ میں عمر اویس کی amendment سے اتفاق کرتا ہوں .I was definitely voting for it

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترم، وہ amendment تو---

جناب یاسر عباس: Yes it has been rejected لیکن میں ایک point بتانا چاہتا ہوں کہ ہمیں freedom of speech and abuse of freedom of speech میں فرق کرنا ضروری ہے۔ اگر ہم West میں holocaust discuss نہیں کر سکتے which I believe is a freedom of speech to discuss anything لیکن in West you have to face a penalty for doing so. اسی طرح میں سمجھتا ہوں کہ کسی بھی religion کے figure کو اس طرح video or derogatory articles سے بدنام کرنے کی کوشش بھی I think is abuse of freedom of speech. Thank you.

Madam Deputy Speaker: Mr. Kashif Ali sahib, would you like to conclude?

Mr. Kashif Ali: I think a lot of important points have been raised مس بشریٰ نے ایک اہم point raise کیا تھا، مجھے ملک کا نام نہیں رہا، انہوں کہا کہ وہاں پر freedom of expression ہے اور یہی موقع تھا کہ مسلمان ممالک اکٹھے ہو جاتے کیونکہ آپ دیکھیں جبWest میں freedom of speech کی بات کی جاتی ہے تو freedom of speech and hate speech میں difference بڑا certain مطلب یہ کہ آپ کو پتا نہیں چلتا کہ freedom of expression کہاں ختم ہو رہا ہے اور hate speech کہاں سے شروع ہو رہی ہے۔ اس لیے essentially ان کا solution بہت اچھا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں resolution میں amendment بھی کرنی چاہیے تھی کہ پاکستان کو یہ use کرنا چاہیے تھا کہ سارے مسلمان ممالک کو OIC کے ذریعے اکٹھا کر کے ایک mechanism بناتے کہ hate speech کہاں سے شروع ہوتی ہے اور freedom of expression کہاں ختم ہوتا ہے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترمہ وزیر اعظم صاحبہ۔

مس انعم آصف: شکریہ میڈم سپیکر۔ میں پہلے تو یہ بات کروں گی کہ freedom کو define کرنے کی ضرورت ہے۔ اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ you are free to do everything. ہر چیز کی ایک limit ہوتی ہے اور جب حقوق کی بات ہو تو اس کے ساتھ فرائض بھی ہوتے ہیں۔ آپ کے حقوق وہاں ختم ہو جاتے ہیں جہاں کسی دوسرے کے فرائض شروع ہو جاتے ہیں۔ اگر آپ نے پاکستان کو Islamic Republic کا نام دیا ہے تو اس کی sanctity maintain رکھنا ہو گا۔ جس طرح یاسر عباس صاحب نے بات کی کہ West میں اس طرح سے آپ holocaust discuss نہیں کر سکتے کیونکہ آپ کا ایک کا stand اپنی dignity پر ہے۔ اگر کوئی آپ کے جذبات کو stimulate کرنے کے لیے اس طرح کی چیزیں استعمال کرتا ہے تو اس کے خلاف steps لینے پڑتے ہیں اور protest کرنا پڑتا ہے۔ آپ اگر یہ کہتے ہیں کہ اتنی maturity develop ہو کہ آپ اس چیز کو ignore کر دیں اور اس کے خلاف ردعمل کا اظہار نہ کریں لیکن اپنے آپ میں تبدیلی لائیں۔ ایسا فی الوقت ممکن نہیں ہے، آپ کو protest کر کے بتانا پڑتا ہے کہ اس چیز سے آپ کے جذبات مجروح ہوئے ہیں۔ میں آپ سے ایک درخواست کرنا چاہوں گی کہ جب amendment propose تو ہم باقی لوگوں کو explain نہیں کر پائے اس لیے باقی لوگوں کو اندازہ نہیں ہوا کہ وہ ایک لائن کس context میں لکھی گئی ہے۔ میرا خیال ہے کہ اگر تھوڑا سا موقع دیا جاتا تو یہ وہی چیز explain کر رہی ہے کہ اگر West میں holocaust پر بات کرنا منع ہے، آپ کی religious dignity کی ایک dimension maintain ہے تو اس کو cross کرنے کی اجازت آپ کو نہیں لینی چاہیے۔ آزادی کی کچھ limits رکھنی چاہییں اور ان کو maintain کرنے کی awareness بھی دینی چاہیے۔ اس سے ہم اتفاق کرتے ہیں کہ یہ کوئی حل نہیں تھا کہ Youtube کو بند کر دیا جائے یا آنکھوں پر ہاتھ رکھ لیا جائے تو مسئلہ ختم نہیں ہوتا۔ احتجاج کے اور بھی بہت سے طریقے ہو سکتے تھے، مسلم ممالک کو بھی اکٹھا ہونا چاہیے تھا اور state level بھی protest register ہونا چاہیے تھا لیکن ایسا نہیں ہوا۔ اگر یہ amendment اس میں شامل ہوتی ہے تو ہم کو resolution سے قطعا کوئی اختلاف نہیں ہے کیونکہ freedom of information ہر شہری کا حق ہے۔ شکریہ۔

Madam Deputy Speaker: When an amendment is proposed, it is supposed to be submitted to the secretariat at least a day before and in normal proceedings it is supposed to be submitted three days before but here we have different procedure so it supposed to be submitted one day before and supposed to be discussed amongst everyone. But I understand that we have some constraints, next time it will be considered. Now I put the resolution to the House.

(The resolution was carried)

Madam Deputy Speaker: Now we move to item No. 6. Mr. Muhammad Faizan, Mr. Hashim Malik, Miss Bushra Iqbal Rao and Mr. Junaid Ashraf would like to move a resolution. Mr. Faizan.

Mr. Muhammad Faizan: Thank you Madam Speaker. I along with my fellow members would like to move the following resolution.

> ”This House is of the opinion that media in general must refrain from the practice of 'media trial' for the cases which are subjudice. It is harmful for the society in terms of maligning the reputation of those involved especially the ones who are later, not proven guilty. The sole responsibility of giving verdicts lies with the courts and the media must not be allowed to give verdict-like statements and show discussions that might even affect the outcome of the cases under review of the courts“.

میڈم سپیکر! اس resolution کے ذریعے ہم جو issue explain کرنا چاہ رہے ہیں، میں real time examples کے ساتھ بتانا چاہوں گا۔ حال ہی میں ایسے کچھ national level کے cases تھے جن میں میڈیا نے proactive role play کرتے ہوئے controversial judgments بنائیں اور leaders کے بارے میں

public opinion change کی۔ میں اپنی تقریر کے دوران اگر کسی شخصیت کا نام لوں تو that is not a criticism I am just referring the specific person. For example in Afidrin case Makhdoom Shahab was the potential candidate for the Prime Minister. ابھی case subjudice تھا لیکن میڈیا نے ان کا media trial شروع کیا جس کی وجہ سے حکومت کو to appoint him as the Prime Minister بہت problem ہوئی اور ابھی تک وہ matter subjudice ہے، اس پر کوئی فیصلہ نہیں ہوا، میڈیا نے چار پانچ دن کی hype create کی اور وہ معاملہ ختم ہو گیا۔ اس کے بعد حامد سعید کاظمی صاحب پر حج کرپشن کیس میں allegations لگے کہ وہ حاجیوں کے پیسے کھا گئے ہیں، حج میں کرپشن کی۔ وہی حامد سعید کاظمی صاحب پر ابھی تک کوئی الزام ثابت نہیں ہو سکا اور اس وقت وہ ضمانت پر ہیں اور اپنے حلقے میں الیکشن لڑ رہے ہیں۔ اس کیس میں بھی میڈیا نے hype create کی اور main stream leaders کی character assassination کی اور ایک public opinion create کی۔ حسین حقانی صاحب کے بارے میں memo gate scandal تھا، اس پر بہت لے دے ہوئی اور میڈیا اس کو لے کر بڑا عرصہ چلتا رہا کہ ان پر Article 6 کے تحت case چلنا چاہیے، ان کو presidency میں رکھا ہوا ہے، وہ ملک چھوڑ جائیں گے، واپس نہیں آئیں گے۔ اب بھی matter subjudice ہے لیکن کوئی بھی حقانی صاحب کو یاد نہیں کرتا کہ وہ کہاں ہیں۔ ارسلان افتخار اور ملک ریاض کے case میں بھی بہت hype create ہوئی۔ اس میں Chief Justice کو بھی involve کیا گیا، ان کو بھی controversial بنانے کی کوشش کی گئی۔ ہمارا مقصد یہ ہے کہ media houses must rely that freedom, responsibility and maturity go hand in hand. اس لیے میڈیا کو ایک positive and effective role play کرنا چاہیے اور جو mater subjudice ہو ان کے بارے میں discuss کرنے سے refrain کرنا چاہیے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترمہ بشری اقبال صاحبہ۔

مس بشری اقبال راؤ: شکریہ میڈم سپیکر۔ میں فیضان صاحب کی بات میں ایک point add کرنا چاہتی ہوں کہ میڈیا کا business اس چیز پر چلتا ہے کہ majorityمیں جو opinion and perception already prevail کرتا ہے، اس کو reinforce کر کے، examples دے کر اپنا business چلاتا ہے۔ میں politicians, bureaucrats, lawyers and even journalists کی مثال دوں گی جن کے بارے میں اگر generally public سے پوچھا جائے تو ان کی reputation بہت خراب ہے۔ میڈیا اس کو exploit کرتا ہے اور اگر کسی سیاستدان یا بیوروکریٹ پر کوئی الزام لگ جائے تو میڈیا اس پر مصالحے لگاتا ہے اور اس وجہ سے shows کی ratings بڑھ جاتی ہیں کیونکہ وہ چیز debatable ہو جاتی ہے۔ جو matters subjudice ہوتے ہیں اس سلسلے میں میڈیا کو بولنے کا حق اس لیے نہیں ہے کہ جج کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ free mind کے ساتھ فیصلہ کرے۔ When he is also watching shows which are talking about an issue اور اس میں سب لوگ اپنی judgment دے رہے ہوتے ہیں کہ یہ تو اس bureaucrat or politician نے بہت غلط کیا ہے تو obviously وہ جج free mind کے ساتھ judgment نہیں کر سکتا کیونکہ اس پر pressure آ جائے گا کہ اگر میں نے otherwise decision دیا even though وہ correct بھی ہو تو اس پر pressure ہو گا کہ مجھے penalize کیا جا سکتا ہے یا criticism face کرنا پڑے گا۔

میڈیا میں یہ چیز بھی commonly دیکھی گئی ہے for example yesterday I was watching the news and observing that caretaker ministers پر طرح طرح کے الزامات لگائے گئے تھے کہ کسی نے health کا refund کرا لیا ہے اور کسی نے کچھ اور کر لیا ہے لیکن دو، تین دن کے بعد تردید کی کہ یہ ایسا نہیں تھا اور یہ clarify ہو گیا ہے لیکن اس وقت جب اس پر الزامات لگے تو لوگ ان کے خلاف بولنا شروع ہو گئے تھے کیونکہ perception ہی یہ ہے کہ ہاں اس طرح ہوا ہو گا۔ ہر کوئی band wagon پر jump کر جاتا ہے ۔ آخری point یہ ہے کہ NA53 سے جو MNA contest کر رہے تھے، ان پر الزام لگایا گیا تھا کہ ان کی degree fake ہے۔ اس کے بعد سب لوگ criticize کرنا شروع ہو گئے کہ

it must be fake and verdicts دینا شروع کر دیے کہ واقعی ایسا ہو گا۔ اس کے بعد انہوں نے اپنی ڈگری دکھا بھی دی کیونکہ یہ ایک norm بن گیا ہے جو educated لوگ بھی ہوتے ہیں، ان کو ڈگری دکھانی پڑتی ہے۔ جب media immature behaviour show کرتا ہے اور جو چیز subjudice ہواس پر public opinion بنا دینا I don't it is an appropriate thing and it should be condemned not only by the government but also by the public. وہ اتنے mature ہیں کہ وہ جانتے ہیں کہ میڈیا جو سکھایا بتا رہا ہے اس کے علاوہ بھی کچھ سوچنا چاہیے۔ شکریہ

میڈم ڈپٹی سپیکر:محترم جنید اشرف صاحب۔

جناب جنید اشرف: شکریہ میڈم سپیکر۔ میں یہاں پر ایک، دو چیزیں solution کے طور پر پیش کروں گا اور چاہوں گا کہ اس پر House debate کرے تا کہ یہاں پر constructive solution سامنے آئے۔ پہلے ہمیں media ethics define کرنے کے سلسلے میں بات کرنی چاہیے تا کہ ان کو پابند کیا جا سکے۔ اس سلسلے میں media itself decide کرے کہ ان کی limit کیا ہے اور یا پھر حکومت کرے۔ اس کے علاوہ media channels and government دونوں مل کریں کہ media کی ethics and range کیا ہے جس پر وہ بول سکتے ہیں بجائے اس کے کہ ان کو free hand دے دیا جائے کہ وہ personalities پر direct hit کریں۔ دوسری بات یہ ہے کہ public کو educate کرنا چاہیے تا کہ وہ اپنے دماغ کو استعمال کریں بجائے اس کے سنی سنائی بات کو اسی طرح مان جائیں کیونکہ a lie told hundred a times become a greater truth. Thank you.

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترم ہشام ملک صاحب۔

جناب ہشام ملک: شکریہ میڈم سپیکر۔ میرے ساتھیوں نے کافی باتیں کی ہیں میں ایک، دو چیزیں mention کر کے solutions کی طرف جاؤں گا۔ میڈیا اب اتنا آزاد ہو چکا ہے کہ وہ کسی کے control میں نہیں ہے اور even government بھی اس کو regularize نہیں کر سکتی لیکن جب subjudice matters discuss ہوتے ہیں تو media and judiciary کا ایک nexus feel ہوتا ہے کیونکہ اگر ایک عام بندہ Supreme Court میں جائے گا تو اس کو اپنا موبائل فون وغیرہ وہاں reception پر دینا پڑتا ہے لیکن میڈیا والے اپنے موبائل عدالت کے اندر لے کر جاتے اور judges کے remarks کو headline بنا کر پیش کیا جاتا ہے - Court proceedings میں judges observation کی کوئی legal value نہیں ہوتی جب تک وہ final verdict نہ دے دے لیکن اس سے لوگوں کی perception بنائی جاتی ہے کہ سب کچھ خراب ہے۔ میں اس سلسلے میں ایک مثال دوں گا کہ Rental Power Plants کا ایک project تھا اور وہ شاید ہمارے لیے short term میں ایک viable solution تھا لیکن اس کو malign کر کےeven though transparency میں بھی doubts ہو سکتے ہیں لیکن ان projects کو اگر transparency maintain کر کے proceed کیا جاتا تو ہمارے ملک کے لیے بہتر ہوتا بجائے اس کے کہ ہم کسی minister or premier کو لقب دے کر اس project کو ٹھپ کرا دیں۔ یہ بہتر ہوتا کہ ہم اس کی طرف بڑھتے لیکن media and judiciary کی observations نے اس project کو بدنام کر دیا۔ اس کے علاوہ subjudice matters کے ساتھ میڈیا کی اور بھی حرکتیں ایسی ہیں کہ باقی سب کی accountability ان کو یاد رہتی ہے لیکن دو journalists کی video footage leak ہوئی تھی اور اس وقت Youtube بھی چل رہا تھا، ان کے بارے میں تو کسی کو کچھ یاد نہیں آیا۔ دوسروں پر انگلی اٹھانے سے پہلے اپنے گریبانوں میں جھانک لینا چاہیے حالانکہ وہ دونوں anchors مختلف news channels پر active ہیں اور اسی طرح سے criticize کر رہے ہیں جس طرح پہلے کرتے تھے، جیسے انہوں نے کچھ بھی نہیں کیا۔ Solutions کی طرف اسی طرح سے جا سکتے ہیں کہ ایک تو media and judiciary کا nexus break ہو اور دوسرا میڈیا کو اپنے پر check رکھنا پڑے گا اور judiciary کو بھی اس پر check رکھنا پڑے گا کیونکہ اگر حکومت ان پر check رکھے تو ان دونوں institutions کو بہت برا لگتا ہے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترمہ شاہانہ افسر صاحبہ۔

مس شاہانہ افسر: شکریہ میڈم سپیکر۔ میں اس resolution کو support کرتی ہوں لیکن مس بشری اقبال نے ایک بات کی کہ publicجو دیکھنا چاہتی ہے میڈیا ان چیزوں کو reinforce کرتا ہے۔ میں اس کو correct کرنا چاہوں گی کہ media جو کچھ کرتا ہے وہ ہمیشہ public agenda نہیں ہوتا۔میڈیا تین طرح کے agendas پر کام کرتا ہے۔ کبھی وہ public agenda کبھی media agenda اور کبھی وہ policy agenda ہوتا ہے لیکن میں ان کی اس بات سے اتفاق کرتا ہوں کہ میڈیا اپنی اس اپنی اس power کو exploit کرتا ہے اور پاکستان میں کافی زیادہ کرتا ہے۔ جنید اشرف صاحب نے ethics بنانے کے سلسلے میں بات کی۔ ہم خود بھی اس بارے میں ایک resolution pass کر چکے ہیں کہ ethics ہونے چاہییں اور Information Committee intends کہ Youth Parliament کی طرف سے ایک ethical code جس پر media organizations کو بند نہیں کریں گے لیکن ہماری intention ہے کہ ہم ایک code بنا کر لائیں جس پر regulatory body, judiciary, media and government کو اعتراض نہ ہو۔ میڈیا کی prime and difficult responsibility ہے کہ اس کو ہمیشہ fact and opinion کو ہمیشہ differentiate کرنا ہوتا ہے اور پاکستان کے private media even PTV میں بھی ہمیں زیادہ یہ ہی لگتا ہے کہ وہ بری طرح سے ناکام ہو رہے ہیں۔ ہم لوگوں کو نہیں پتا چلتا حتی کے news casters اپنے emotions and opinions کو side پر نہیں رکھ پاتے۔ اس کے لیے یہ ضروری ہے کہ تمام media houses اکٹھے بیٹھ کر اپنے لیے کچھformulate کریں کیونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ ہر چینل نے اپنے internal codes تو بنائے ہوئے ہیں ۔ میں یہ بتانا چاہوں گی کہ دنیا نیوز کا code بہت affective اور اچھا formulate ہوا ہے، بات صرف implementation and consensus کی ہے۔ اگر سارے channels والے مل کر اپنے اپنےcodesکے positive affects ملا لیں تو code بن سکتا ہے اور implement ہو سکتا ہے ورنہ اگر جیو ایک code بنائے گا تو دنیا implement نہیں کرے گا اور جو دنیا بنائے گا، وہ جیو implement نہیں کرے گا کیونکہ ان کے اپنے interests ہیں۔ یہ اگر مل کر code بنائیں گے تو ہم اس چیز کو counter کر سکتے ہیں۔ دو anchors کو بہت criticize کیا جاتا ہے کہ انہوں نے ایک planted programme کیا، وہ matter بھی ابھی subjudice ہے، اس پر بات نہیں کرنی چاہیے تھے۔ ان دو کے بارے میں ہی بات نہیں کرنی چاہیے تھی، یہ اس camera man کی ہوشیاری تھی جس نے ان کی باتیں کھول دیں ورنہ ہر چینل پر ایسا ہی ہو رہا ہے اور ہر anchor ایسا ہی کر رہا ہے۔ یا تو ہم سب کو criticize کریں اور سب پر check رکھیں۔ سب media organizations کو چاہیے کہ وہ خود اپنے لیےconsensus کے ساتھ ایک code بنائیں تو وہ انشاء اللہ affective ہو گا کیونکہ انہوں نے terrorism related code بنایا اور وہ بہت affective ہے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ محترم مطیع اللہ ترین صاحب۔

جناب مطیع اللہ ترین: شکریہ میڈم سپیکر۔ میڈیا کا کام information and communication ہوتا ہے اور جو present scenario ہوتا ہے، اس کے حوالے سے لوگوں تک information پہنچانا ہوتا ہے۔ اس issue میں involve لوگوں اور massesکے درمیان ایک communication کے لیے bridge کا کام کرنا ہوتا ہے لیکن یہاں پر media communication process کو نبھانے کی بجائے اپنی TRP بڑھانے میں اور commercial set up promote کرنے میں زیادہ busy نظر آتا ہے۔ یہاں پر TRP programmes and economic gains کے لیے ہوتے ہیں نہ کہ information or right point of view دکھانے کے لیے۔ شاہانہ افسر صاحبہ بتا چکی ہیں کہ ایک ویڈیو Youtube پر آ چکی ہے اور ہم جان چکے ہیں کہ talk shows میں کیا ہوتا ہے۔ ہر talk show میں یہی ہوتا ہے اور mostly ہر ایک کی یہی value ہے صرف ان کی bad luck یا ہماری good luck تھی کہ ان دو anchors کی video Youtube پر چل گئی اور حقیقت سارے پاکستان کے سامنے آ گئی۔ میڈیا میں ان cases کے بارے میں personal judgment خصوصاً جو courts میں چل رہے ہوں ban ہونا چاہیے۔ Media ethics میں اس سلسلے میں ایک law formulate ہونا چاہیے کہ جو cases under process ہوں، ان پر complete ban لگایا جائے۔ ان کو صرف case

proceeding and past history کے حوالے سے information دینی چاہیے کہ ہو چکا ہے بجائے اس کے کہ یہ بتایا جائے کہ یہ ہونے جا رہا ہے، یہ ہو گا، ایسا ہونا چاہیے اور ایسا ہونے دیا جائے۔ اس بندے نے یہ کیا، فلاں نے یہ کیا that is totally against the human rights of the persons involved in that case. ایک dictator کی مثال دوں گا whatever that previous dictator did, we really know that. ہم میڈیا یا سوسائٹی میں ان کے بارے میں کی جانے والی باتوں یا judiciary میں ان کے خلاف move کرنے کی بات کو appreciate کرتے ہیں لیکن جب تک Article 6 کے تحت ایک dictator کا trial نہیں ہوتا اور ثابت نہیں کیا جاتا، تب تک میڈیا اپنے آپ کو اس کا media trial کرنے سے روکے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترم ارسلان علی صاحب۔

جناب ارسلان علی: شکریہ میڈم سپیکر۔ میں اس resolution کو totally endorse کرتا ہوں اور ہشام ملک صاحب کی بات کو تھوڑا آگے لے کر جاؤں گا کہ ہماری judiciary کوئی بھی غلط بات ہو تو اس پر suo motu action لیتی ہے اس لیے اس کو ایک step لینا ہو گا اور تمام journalists and media houses جو subjudice matters میں اپنا influence کرتے ہیں، ان کے خلاف contempt notices جاری کرے۔ ایک مثال قائم کریں تا کہ آئندہ ایسا نہ ہو۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترم امین اسمعیلی صاحب۔

جناب امین اسمعیلی: شکریہ میڈم سپیکر۔ میں ہشام ملک صاحب کے points کو endorse کروں گا۔ انہوں نے جس طرح کہا کہ media اتنا strong ہو گیا ہے کہ وہ اپنی powers misuse کرنے لگ گیا ہے۔ میڈم سپیکر! میں میڈیا میں چلنے والے tickers کی بات کروں گا۔ جب apex court میں hearing ہو رہی ہوتی ہے اور cases چل رہے ہوتے ہیں تو ابھی عدالت عظمی کے ججوں کے منہ سے بات نکلی بھی نہیں ہوتی کہ میڈیا پر tickers چلنا شروع ہو جاتے ہیں اور وہ بھی misinterpret کی جاتی ہیں۔ شام کو چھ سے گیارہ بجے تک جب میڈیا کا prime time ہوتا ہے، اس میں پاکستان کے مسائل مثلاً energy crisis or other issues پر discussion کرنے کی بجائے ان statements پر بات کی جاتی ہے کہ Chief Justice نے grade 20 or 22 کے آفیسر کو جھاڑ پلا دی۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترم یاسر عباس صاحب۔

جناب یاسر عباس: شکریہ میڈم سپیکر۔ میں اس resolution کو completely endorse کرتا ہوں اور اپنے arguments دینے سے پہلے کچھ background and information دینا چاہتا ہوں۔ مجھے پاکستان کے سب سے بڑے چینل پر کام کرنے کا موقع ملا تھا اور اس تجربے کی بنا پر یہ کہہ سکتا ہوں کہ پاکستان میں کوئی ایسا چینل نہیں ہے جو free or neutral ہو یا جو objective reporting کرتا ہو۔ اس لیے ہمارا یہ امید کرنا کہ میڈیا objectivity show کرے گا یا ایک story کو as it is on air کرے گا، یہ ہماری بھول ہے۔ At the same time modern nation state system میں تمام political scientists believe کرتے ہیں کہ media is now actually a pillar of state. وہ ایک state pillar کے طور پر مانا جا رہا ہے لیکن بدقسمتی سے پاکستان میں یہ ایک ایسا pillar ہے جس کی وجہ سے state ہمیشہ ڈگمگا جاتی ہے۔ وہ ایسی چیزیں سامنے لاتا ہے اور ایسے anchors ہیں، جن کے پروگرام دیکھنے کے بعد محسوس ہوتا ہے کہ شاید پاکستان دو تین گھنٹے بعد ختم ہو جائے گا اور آپ کو کل کی صبح دیکھنے کا موقع نہیں ملے گا۔ ہمارے پاس ایسے بہت سے talk shows کی مثالیں موجود ہیں۔ اس resolution میں جس طرح سے بات کی گئی ہے کہ وہ فیصلے سے پہلے ہی فیصلہ دیتے ہیں، یہ بہت غلط ہے۔ Media should discuss the cases, it is imperative that the public should know that what is going on in the court and at the same time I am not against the media persons کہ وہ court premises سے ہو یا media court premises سے reporting کرے but that should avoid اور مجھے یہ experience ہوا کہ میڈیا میں ایک competition ہوتا ہے کہ کس کا ticker جلدی چلتا ہے۔ I was working with the television اور مجھے Supreme Court جانے کا اتفاق ہوا تھا، میں اپنی ایک story آپ کو بتاتا ہوں کہ HEC کی ایک

conference ہو رہی تھی اور وہاں پر میرے ساتھ ایک senior journalist تھے اور وہ موبائل پر ticker بھیج رہے تھے اور اس وقت اس کے boss کا اس کو فون آیا کہ فلاں چینل پر ticker جلدی آیا، آپ لوگ کہاں سو رہے ہیں۔ وہاں پر ایک competition ہوتا ہے کہ خبر یا ticker پہلے کہاں پر چلے گا کیونکہ accordingly ان کا rate ہوتا ہے۔ یہاں پچھلے دنوں زلزلہ آیا اور ہم کلاس میں بیٹھے تھے، ہمیں تو محسوس ہی نہیں ہوا کہ زلزلہ آیا ہے اور جب نیچے آ کر ٹی وی دیکھا تو وہ anchor اس کو اس طرح پیش کر رہا تھا جیسے پاکستان تباہ ہو گیا ہے۔ وہ کہہ رہا تھا لوگوں میں خوف و ہراس پھیل گیا ہے اور وہ گھروں سے باہر نکل آئے ہیں .and it is going repeatedly on and on یہ ایک اور مسئلہ ہے۔

میڈیا میں کچھ selective coverage بھی ہوتی ہے کہ وہ کچھ cases کو وہ headlines میں لے آتے ہیں اور کچھ کو discuss ہی نہیں کرتے۔ This is another problem with media. To conclude with Pakistani media is in its evolutionary process and I do agree that it will take time for the Pakistan media to act in the national interest and to act maturely but the senior journalists جتنے بھی بیٹھے ہوئے ہیں، ان کا فرض ہے کہ میڈیا کے لیے ایک policy outline کریں اور mature لوگوں کو وہاں پر رکھے۔ There should not be a race of who is giving the news first. یہ ہونا چاہیے کہ کون objective reporting کرتا ہے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ محترم جنید اشرف صاحب۔ Please keep your comments brief and concise.

جناب جنید اشرف: شکریہ میڈم سپیکر۔ میں مس شاہانہ کو صرف ایک recommendation دینا چاہتا تھا۔ انہوں نے بات کی کہ ہم report پر کام کر رہے ہیں تو کیا آپ journalists training پر بھی کام کر رہے ہیں تا کہ جب وہ as an anchor کام کریں تو ایک rationale and logical manner میں اپنی بات کر سکیں۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترم کاشف علی صاحب۔

جناب کاشف علی: شکریہ میڈم سپیکر۔ اگر پچھلے پانچ، چھ سال میں دیکھا جائے تو پاکستان کی سب سے بڑی خوش قسمتی یہ ہے کہ یہاں پر بہت سے institutions evolve and strengthened ہوئے ہیں اور جب ایسا ہو تو democratic process چل سکتا ہے۔ Fortunately and unfortunately also media اس کا ایک بڑا part ہے۔ Fortunately یہ ہے کہ media positive role to act as check and balance play کر رہا ہے but unfortunately as what this resolution calls کہ وہ اپنے domain سے out reach کر رہے ہیں۔ ہمیشہ fixed lines ہوتی ہیں کہ .you can not go beyond that میں نے جو دو، تین talk shows دیکھے ہیں I also found this thing which is in this resolution ایسا لگتا ہے کہ آپ کسی trial court میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ اس طرح سے ہوتا یہ ہے کہ آپ directly or indirectly court verdictکو influence کر سکتے ہیں۔ So I completely endorse this resolution. I think media should have some defined and keeping in view that it is one of the most pillar or institutions of this country so I think they must act responsibly and my party endorse this resolution.

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترمہ یوتھ وزیر اعظم صاحبہ۔

مس انعم آصف: شکریہ میڈم سپیکر۔ بہت detailed discussion ہوئی ہے۔ یہاں پر بات یہ آ جاتی ہے کہ freedom define کرنے کی ضرورت ہے۔ میڈیا کی آزادی کا ہر بندہ قائل ہے، ہر کسی کو ضرورت ہے کہ information right سب کے پاس ہو۔ میڈیا کو right ہے کہ وہ ہر طرح سے information convey کر سکے۔ We completely endorse this resolution کیونکہ اس میں code of ethics and boundaries کی بات کی گئی ہے جن کو follow کرنا ہے اور وہ دونوں کے interest میں ضروری ہے۔ آپ کسی کی image distort نہیں کر سکتے، آپ کو یہ right نہیں ہے کہ کسی کو بھی

سامنے لا کر اپنی مرضی کی statements دے کر اس کے image کو خراب کر دیں یا کوئی ایسی بات کر دیں جو long run میں چیزیں trickle down کرتی رہے۔ شکریہ۔

Madam Deputy Speaker: Now I put the resolution to the House.

(Interruption)

Madam Deputy Speaker: Mr. Amin Ismaily would like to propose an amendment.

Mr. Amin Ismaily: Thank you Madam Speaker. I propose the following amendment.

"The presence of the media persons in the Supreme Court during hearing should be restricted".

Thank you.

Madam Deputy Speaker: I put the amendment to the House.

(The amendment was adopted)

جناب اعجاز سرور: ہم اس amendment پر walk out کرتے ہیں۔ یہ democracy and freedom کے بالکل ہی خلاف ہے کہ ایک طرف تو House بات کر رہا ہے کہ freedom دی جائے اور دوسری طرف media persons کو allow نہیں کریں گے تو یہ اس کے بالکل خلاف ہے۔ We are staging a walk out یہ ظلم ہے۔

(اس موقع پر اپوزیشن کے ممبران ایوان سے walk out کر گئے)

Miss Anam Asif: I just want to say to Leader of the Opposition that the word is restricted, it is not ban. Restricted means you have the limits, you do not have to stop them, you can not refrain them, you can not say to get out of the session. It is restricting their presence in the court.

(Interruption)

Mr. Kashif Ali: Thank you Madam Prime Minister. Just for your kind reminder that in the last session my party brought a resolution that there should be a defined code of ethics. You should put certain restrictions on media. The Madam Prime Minister said no, no this against freedom of expression hence we oppose this resolution.

آج جب ہم جمہوریت کی بات کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ میڈیا ایک اہم ستون اور ادارہ ہے ، media accountability کرتا ہے اور check and balance رکھتا ہے تو آپ کہتے ہیں کہ ان کو courts میں گھسنے ہی نہ دو۔ This is in heavily contradiction in your own.

Madam Deputy Speaker: It is not saying banned, it is restricted.

Mr. Kashif Ali: Restricted means you are putting restrictions.

Madam Deputy Speaker: It means valid restrictions, if the case is very sensitive, if it could demean your national security or….

جناب کاشف علی: میڈیا کا role کیا ہے کہ وہ لوگوں کو inform کرے کہ ملک میں کیا ہو رہا ہے۔ جب آپ ان کو inform کرنے کی opportunity نہیں دیں گے، ان کو جانے نہیں دیں گے کہ وہاں کیا ہو رہا ہے تو ملک کو کیسے inform کریں گے۔ وہ سپریم کورٹ میں جائیں گے ہی نہیں کہ مشرف کا trial ہو رہا ہے یا نہیں تو وہ ملک کو کیسے inform کریں گے کہ وہاں کیا ہو رہا ہے۔ وہ جب پارلیمنٹ میں جائیں گے نہیں تو کیسے بتائیں گے کہ Prime Minister parliament میں کیا کر رہے ہیں۔ وہ جب کسی institution میں جائیں گے ہی نہیں تو ملک میں لوگوں کو کیسے بتائیں گے۔

Madam Deputy Speaker: This is not about any other institution, this is about the Supreme Court.

مس انعم آصف: میں دوبارہ درخواست کروں گی کہ الفاظ کو دوبارہ پڑھ لیں it is restriction اس کا مطلب ہے کہ آپ نے اس چیز کو تھوڑا limit کر دینا ہے۔ آپ جو بات کر رہے ہیں کہ ان کو وہاں جانے نہیں دیا جائے تو اس کے لیے ban کا لفظ استعمال ہو گا۔ آپ ذرا کشادہ نظری سے اس کو دیکھیں

تو restriction کا لفظ ہے۔ جہاں سے democracyکو tyranny of majority کا نام دیا جائے، وہاں سے ہم اس طرح کی توقع کر سکتے ہیں۔

جناب کاشف علی: میڈم سپیکر! میں ان سے expect کر رہا ہوں کہ جو چیز میں کہہ رہا ہوں یہ وہ دیکھیں۔ آپ بتائیں کہ ان کو Supreme Court میں کون سے cases میں allow کریں گے اور کون سے میں نہیں؟

مس انعم آصف: ان کو نہیں ان کی reporting limit کریں گے۔

جناب کاشف علی: جب ان کی reporting کو limit کریں گے----

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترم کاشف صاحب، amendment adopt ہو چکی ہے۔ آپ کچھ اور بات کرنا چاہیں گے۔ With the amendment do you oppose the resolution?

Mr. Kashif Ali: Yes with the amendment my party oppose this resolution. This amendment is absolutely derogatory. This is absolutely against the freedom of expression and against one of the most important pillar of this country.

ہم ethics define کرنے کی بات کرتے ہیں but at the same time میڈیا کا basic purpose ہے to inform the cicizens. جب آپ ان کو موقع ہی نہیں دیں گے تو how would they let know the people کہ ملک میں کیا ہو رہا ہے؟ اگر آپ کہتے ہیں کہ restriction and ban میں فرق ہے تو مجھے بتائیں ----

جناب اسد اللہ چٹھہ: میڈم! Leader of Opposition تھوڑا سا emotional ہو رہے ہیں اور پچھلے چار پانچ منٹوں سے rules and procedure کی complete violation کر رہے ہیں -

Madam Deputy Speaker: I am letting him speak.

جناب اسد اللہ چٹھہ: آپ کی طرف سے ایک بارکسی چیز پر decision دے دیا جاتا ہے تو وہ final ہوتا ہے، اس پر کوئی بات نہیں کر سکتا۔ This is value of the post of the Speaker, kindly respect her and her position. Thank you.

مس انعم آصف: آپ ہمیشہ تاریخ دہراتے ہیں، یہ پہلے session کی بات ہے جب آپ کی پارٹی کی طرف سے media ethics پر ایک resolution آئی تھی۔ اس میں کہا گیا تھا کہ آپ نے limited content دکھانا ہے، اس میں بھی limitation and restriction کی بات ہوئی تھی کہ میڈیا کو سب چیزیں نہیں دکھانی چاہییں۔ اگر کسی جگہ پر blast ہوا ہے تو بھی content filter کر کے دکھانا ہے۔ وہاں پر بھی آپ اس کو particularly define نہیں کر رہے تھے اور ہم اس کوsupport کیا تھا کہ کچھ چیزیں rationale ہوتی ہیں۔ اس وقت بھی سب جگہوں پر چیزوں کو ban نہیں کیا تھا، اب بھی نہیں کیا جا رہا۔ ہم نے اس وقت بھی کہا تھا کہ restrict and filter کر کے چیزیں دکھائیں اور اب بھی یہی کہہ رہے اور اس سےمیڈیا کی آزادی مجروح نہیں ہو گی۔ اس کو code of ethics کا پابند کیا جائے گا، اس پر آپ کی پارٹی بھی کام کر رہی ہے اور ہم وہی چیز بیان کر رہے ہیں۔ یہ code of ethics کی بات ہے کہ اس چیز کو restrict کیا جائے اور ان کو completely آزاد نہ کیا جائے۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: وہ amendment adopt ہو چکی ہے، اب اس کے علاوہ کوئی بات کرنا چاہیں تو کیجیے۔

